سوال

(812)مغرب کی سنت کے بعد ''اوابین'' کے نام سےچھ رکعتیں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسئلہ یہ ہے کہ یہ جومغرب کی سنت کے بعد ''اوابین'' کے نام سےچھ رکعتیں پڑھی جاتی ہیں کیا یہ مسنون ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ مغرب کے بعدچھ رکعتیں پڑھنے والی روایت سخت ضعیف ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی جامع میں امام بخاری رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے۔ عمر بن عبدا بن ابی خشعم ''منکر الحدیث'' اور سخت ضعیف ہے۔

'بَابُ مَا جَائَ فِی فَضلِ التَّطَوّعِ سِتُّ رَکعَاتِ بَعدَ المَغرِبِ '۔

امام ذہبی نے بھی میزان الاعتدال میں فرمایا: اس کی حدیث منکر ہے۔ مزید تفصیل کےلیے ملاحظہ ہو! ''مرعاۃ المفاتیح'' (۱۵۲، ۲/۱۵۱)

یادرہے کہ یہ رکعات ''صلوۃ الأوابین'' کے نام سے موسوم نہیں، بلکہ ''صلوٰۃ الاوابین'' چاشت کی نماز کو کہا جاتا ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں حدیث ہے: 'صَلٰوۃُ الاَوَّابِینَ حِینَ تَرمُضُ الفِصَالُ' (صحیح مسلم، بَابُ صَلَاۃِ الأَوَّابِینَ حِینَ تَرمَضُ الفِصَالُ، رقم:۷۴۸) ا کی طرف رجوع کرنے والوں کی نمازاس وقت ہے، جب اونٹنیوں کے بچوں کے پاؤں سخت گرمی سے سڑنے لگیں اور حاکم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت میں ہے:

'لَایُحَافِظُ عَلٰی صَلَاۃِ الضُّحٰی اِلَّا اَوَّابٌ۔ قَالَ وَہِیَ صَلَاۃُ الاَوَّابِینَ' (المستدرک علی الصحیحین للحاکم: ۱/۴۵۷، رقم:۱۱۸۲)

یعنی ''چاشت کی نماز پرمداومت صرف ا کی طرف رجوع کرنے والاہی کرتا ہے فرمایا۔ اسی کانام اوابین کی نماز ہے۔''

جب حدیث ضعیف ہے تومسنون ہوناثابت نہ ہوا۔ اگرچہ امام شوکانی رحمہ اللہ نے ''نیل الأوطار'' میں کثرت طُرق کی بناء پر فضائلِ اعمال میں قابلِ عمل سمجھا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

كتاب الصلوٰۃ : صفحہ:690

محدث فتویٰ